As Sadr Lajna, Mariam receives a complaint from a member in a harsh tone. Instead of replying angrily, she listens patiently, thanks the member for sharing her concern, and assures her that she will look into it. Her calm response prevents the matter from escalating.

بطور صدر لجنہ، مریم کو ایک رکن کی طرف سے سخت لہجے میں شکایت موصول ہوتی ہے۔ وہ غصے سے جواب دینے کے بجائے تحمل سے بات سنتی ہیں، شکایت کرنے والی ممبر کا شکریہ ادا کرتی ہیں کہ اُس نے اپنی بات سامنے رکھی، اور اُسے یقین دلاتی ہیں کہ وہ اس معاملے کو دیکھیں گی۔ مریم کا پُرسکون رویہ صورتِ حال کو بگڑنے سے بچا لیتا ہے۔

Discussion Questions:

1. Why is forbearance especially important for someone holding an office in Jama'at?
2. How can cheerfulness and patience in leadership inspire others?
3. How should an office bearer handle personal criticism within Jamaat work?

جماعت میں کوئی عہدہ رکھنے والے فرد کے لیے برداشت سے کام لینا کیوں ضروری ہوتا ہے؟
اگر لیڈر خوش مزاج اور صابر ہو تو یہ دوسروں کو کس طرح اچھے کام کرنے کی طرف مائل کر سکتا ہے؟
اگر کسی عہدے دار پر جماعتی کام کے دوران ذاتی تنقید ہو جائے، تو اُسے اس کا سامنا کس طریقے سے کرنا چاہیے؟

Salat

Exerpts from "A Primer of Religious Knowledge"
By Hazrat Maulana Hakeem Noor-ud-Deen, Khalifatul Masih (I)

Sunan of Ṣalāt

[Excellences of Prayers]

1. Raising of the hands—that is to say, raising both hands up to the ears in a way that the thumb touches the earlobe, or comes parallel to it—and the rest of the fingers should not either be too open or close.

2. Offering *Ṣalāt* by folding both hands below the navel in a way that the right hand should be placed on the left hand, and hold the left hand with the right hand. From authentic *aḥādīth,* the placing of hands on the chest is also proven.

3. Reciting *Thanā* in the beginning of the *Ṣalāt.*

4. Reciting *T'awwudh* after *Thanā.*

5. Reciting بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ [*Bismillāhir-Raḥmanir-Raḥīm*—In the name of Allah, the Gracious, the Merciful], in the beginning of every *rak'at.*

6. Saying *Āmīn,* after *al-Ḥamdu* [*Sūrah al-Fātiḥah*].

7. While transitioning from one *rukn* [Component] to another *rukn* except for *Qauma* [rising to stand up] one should say, اَللّٰهُ اَكۡبَرُ [*Allāhu Akbar*—Allah is the Greatest]. These are called transitionary *takbirāt.*

Salat

Exerpts from "A Primer of Religious Knowledge"
By Hazrat Maulana Hakeem Noor-ud-Deen, Khalifatul Masih (I)

8. Reciting سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيم [*Subḥāna Rabbiyal-ʿAẓīm*—Holy is my Lord, the Most Great] three, five, or seven times in *Rukū'*—the bowing posture.

9. The Imam [person leading the *Ṣalāt*] saying سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه [*Sami'allāhu liman ḥamidah*— Allah hears him who praises Him] after standing up from the *rukū'*, that is called *Tasmī'* and followers should then say رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ [*Rabbanā lakal-ḥamd*—Our Lord, Yours is the praise] and those offering *Ṣalāt* alone can either say just the *tasmī'* or both.

10. Reciting سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى [*Subḥāna Rabbiyal-A'lā*—Holy is my Lord, the Most Exalted] three, five, or seven times in the *sajdah*—prostration.

11. Reciting *Durūd-Sharīf* (*Ṣalāt 'alan-Nabiyy*) after *at-taḥiyyāt.*

12. Reciting any prayer[1] after *Durūd-Sharīf.* Every person may supplicate in his own language.

---

1. **Footnote:** It is established from authentic *aḥādīth* [See *Ṣaḥīḥ al-Bukhārī,* Kitāb-ul-Adhān, Bāb-ud-Du'ā fir-Rukū', , Hadith 794] that the Holy Prophet[sas] also used to recite the following in the *Sajdah* and the *Rukū'*:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

[*Subḥānak Allāhumma Rabbanā wa biḥamdika Allāhummaghfir lī*—Holy are You, O Allah, and our Lord, all praise is Yours; O Allah, forgive me.]

Indeed, this was what he would ultimately recite.

Salat

Exerpts from "A Primer of Religious Knowledge"
By Hazrat Maulana Hakeem Noor-ud-Deen, Khalifatul Masih (I)

سنن نماز

۱- رفع یدین یعنی نماز کے شروع میں دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اٹھانا اس طرح کہ انگوٹھا کان کی لَو سے چھُو جائے- یا اس کے سامنے ہو- اور باقی انگلیاں نہ بہت کشادہ ہوں- نہ بند-

۲- دونوں ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنا اس طرح کہ ناف کے نیچے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھ کر دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑ لیں- احادیث صحیحہ سے ہاتھوں کو سینہ پر رکھنا بھی ثابت ہے-

۳- نماز کے شروع میں ثناء پڑھنا-

۴- ثناء کے بعد تعوذ پڑھنا-

۵- ہر رکعت کے شروع میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنا-

۶- اَلۡحَمۡدُ کے بعد آمین کہنا-

۷- ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف جاتے وقت سوائے قومہ کے اَللّٰہُ اَکۡبَرُ کہنا اس کو تکبیرات انتقالات کہتے ہیں-

Salat

Exerpts from "A Primer of Religious Knowledge"
By Hazrat Maulana Hakeem Noor-ud-Deen, Khalifatul Masih (I)

۸- رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ تین- پانچ- سات بار کہنا-

۹- رکوع سے کھڑے ہوکر سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہ، کہنا اس کو تَسْمِیْع کہتے ہیں اور مقتدی کو رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ اور تنہا نماز پڑھنے والے کو فقط تسمیع یا دونوں کہنا-

۱۰- سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی تین- پانچ- سات بار کہنا-

۱۱- التّحیات کے بعد درود شریف پڑھنا-

۱۲- درود شریف کے بعد کوئی دعا پڑھنا ہر شخص اپنی اپنی زبان میں دعا مانگ لے-

Book of the Promised Messiah (as)

Haqiqatul Wahi (The Philosophy of Divine Revelation) by Hazrat Mirza Ghulam Ahmad, The Promised Messiah and Mahdi(as)

To be studied individually, through a Local Book Club or through the National Online Book Club

English: The Philosophy of Divine Revelation

Urdu: Haqiqatul Wahi



In this book the Promised Messiah, on whom be peace, discusses the philosophy of divine revelation, the three categories of people who claim to receive revelation, and the distinction of the truthful from the false. He then establishes his truthfulness by documenting over 200 Signs, including the fulfillment of prophecies made by the Holy Prophet Muhammad, may peace and blessings of Allah be upon him, other men of God, earlier scriptures, and his own revelations spanning over twenty-five years. The author cites numerous examples of his enemies who publicly predicted his downfall and demise, only to become the very victims of their own prophecies. God, however, protected him against every assault, while continuously reassuring him of His promise to bless his Community—a promise which continues to bear the seal and testimony of history.

The author also appeals to the followers of different faiths to read this book cover to cover to appreciate and accept this evidence as proof that God is One and the Holy Prophet Muhammad (sas) is the Messenger of God, and that he is the Promised Messiah (as) raised to unite humanity under the banner of Islam.

TA'LIM & TARBIYAT SYLLABUS
LAJNA IMA'ILLAH CANADA
TERM 3
JUN 2026 – SEPT 2026

Overview of Ta'lim & Tarbiyat Syllabus Term 2: Jun 2026 - Sept 2026

Teachers are requested to teach the class in whichever order they find appropriate, so long as they cover all the below topics, within their respective timings

Components	Details	Time
The Holy Quran	Surah At-Tawkir (81:1-30) • Urdu Commentary from Tafsir-e-Kabir OR English Commentary from 5 Vol. Commentary • Cover 5-6 verses per class • Arabic Grammar Lessons	40 min
History of Ahmadiyyat	• *The Truth About the Split, by* Hazrat Mirza Bashir-ud-Din Mahmud Ahmad, Khalifatul Masih II(ra)	20 min
Hadith & Prayer	• 1 Hadith & 1 Prayer per month	5 min
History of Islam	• *Islamic Calendar Months*	5 min
Malfuzat: Volume 1 & Tarbiyat Discussion	• **English Pg:** 20-22 • **Urdu Pg:** 19-20	20 min
Tarbiyat Discussion: 10 Conditions of Ba'ait	• Conditions of Ba'ait & Discussion Questions	20 min
Salat	• Excerpts from "*A Primer of Religious Knowledge*" by Hazrat Maulana Hakim Nour-ud-deen, Khalifatul Masih I (ra)	10 min
Book of The Promised Messiah (as)	• *Haqiqatul Wahi*	Individually or Local Book Club or National Online Book Club

JUNE 2026

The Holy Quran

June 2026:
Surah At-Takwir (81:19-24)


وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ﴿١٩﴾ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ﴿٢٠﴾ ذِي قُوَّةٍ
عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ﴿٢١﴾ مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ﴿٢٢﴾ وَمَا صَاحِبُكُمْ
بِمَجْنُونٍ ﴿٢٣﴾ وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ﴿٢٤﴾

English Commentary	Urdu Commentary
• 5 Volume Commentary - Pg. 3325	• Tafsir Hazrat Masih Maud (as) • Tafsir-e-Kabir • Haqaiq-ul-Furqan • Tarjamatul Quran Class

Arabic Grammar

Lesson 8

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ

The Adjective (*Sift*)

اَلصِّفَةُ – صِفت

This type of word qualifies a noun. For example, in the phrase on the right, *qirtaas* (paper) is the noun and *abyadun* (white) is the adjective. The types are:

یہ کسی اسم کی وضاحت کرتا ہے جیسے:
قِرْطَاسٌ اَبْيَضٌ ۔ یہاں قِرْطَاسٌ اسم ہے اور
اَبْيَضٌ اسکی صفت (سفید کاغذ)

1. *Ism-Tafdeel* (Comparative adjective) This shows a greater degree of quality when two things are compared.

اِسمُ تَفْضِيل

یہ ایسا اسم صفت ہے جس میں دو چیزوں میں مقابلہ ظاہر کیا جائے کہ ایک چیز میں وہ صفت دوسری سے زیادہ پائی جائے ۔ اور یہ عموماً اَفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے:

Taller	اَطْوَلُ	Tall	طَوِيْلٌ	Bigger	اَكْبَرُ	Big	كَبِيْرٌ
Shorter	اَقْصَرُ	Short	قَصِيْرٌ	Smaller	اَصْغَرُ	Small	صَغِيْرٌ
More truthful	اَصْدَقُ	Truthful	صَادِقٌ	More praiseworthy	اَحْمَدُ	Praiseworthy	حَمِيْدٌ
Bigger liar	اَكْذَبُ	Liar	كَاذِبٌ	More beautiful	اَجْمَلُ	Beautiful	جَمِيْلٌ

2. *Ism-Tasgheer* (Comparative adjective) This shows a lower degree of quality when two things are compared.

اِسْمُ تَصْغِير

یہ ایسا اسم صفت ہے جس میں چھوٹے پن یا حقارت کا پہلو ہوتا ہے مثلاً

Smaller man	عُبَيْدٌ	Small man	عَبْدٌ	Smaller	صُغَيْرٌ	Small	صَغِيرٌ
Smaller cat	هُرَيْرَةٌ	Little cat	هِرَّةٌ	Smaller person	رُجَيْلٌ	Person	رَجُلٌ

3. *Ism-Mubaaligha* (Superlative adjective) This shows extreme superiority in comparison to others.

اِسْمُ مُبَالَغَة

جب کسی صفت کو اسکے انتہائی درجہ پر ظاہر کیا جائے تو اسم مبالغہ کہلاتی ہے جیسے

Most ignorant	جَهُوْلٌ	Ignorant	جَاهِلٌ	A big assasin	قَتَّالٌ	Assasin	قَاتِلٌ
All-knowing	عَلِيْمٌ	Knowing	عَالِمٌ	Most efficient worker	فَعَّالٌ	Worker	فَاعِلٌ

The History of Ahmadiyyat

English: Pg. 302-344
Urdu: Pg. 224-243



The Truth About the Split
آئینۂ صداقت

Truth About the Split, the English translation of A'ina'-e-Sadaqat, written by Hazrat Khalifatul-Masih II(ra), is a detailed reply to The Split by Maulawi Muhammad Ali, who after having denied the institution of Khilafat had seceded from the main body of the Ahmadiyya Muslim Jama'at and established his party headquarters at Lahore. Truth About the Split has been divided into two main parts. The first part consists of the refutation of the eleven misstatements and unfounded charges leveled against Hazrat Khalifatul-Masih II(ra) in The Split, and of the thoroughly fabricated story of the Ahmadiyya dissension. First few misstatements revolve around a person named Zahiruddin who was believed to be, by the Lahore Party, the originator of the belief of the prophethood of the Promised Messiah(as). Another controversy was whether those who denied the Promised Messiah(as) should be regarded as Muslims or Kafir-bil-Ma'mur. In fact, Hazrat Khalifatul-Masih II(ra) had already proved that the Promised Messiah(as) regarded them as the latter. Another controversy generated by Maulawi Muhammad Ali was that people had pledged Bai'at with the second Khalifa in ignorance, and that they had later renounced their Bai'at with him. The second part of the book deals with the true story of the split. It elaborates how Khawaja Kamaluddin, Maulawi Muhammad Ali and few others intrigued to bring down the Institution of Khilafat during the time of Hazrat Khalifatul Masih I(ra), how they openly showed their hostility after his demise by proposing delay in the election of the next Khalifa, and what finally impelled them to set up their own separate organization. The book then sets out, in clear terms—in the light of Al-Wasiyyat by the Promised Messiah(as)—as to who (Anjuman or the Khalifa) should actually succeed the Promised Messiah(as).

Prayer

June 2026

Treasure House of Prayers

Prayers on Waking up from Sleep

Ḥaḍrat Ḥudaifah[ra] narrates that the Holy Prophet[sa] used to say this prayer upon waking up:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔[208]

All praise belongs to *Allāh*, who granted us life after death and to Him is the return.

Ḥaḍrat Abū Hurairah[ra] relates that the Holy Prophet[sa] told us to recite this prayer upon waking up:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ وَرَدَّ عَلَیَّ رُوْحِیْ، وَ اَذِنَ لِیْ بِذِکْرِهٖ۔[209]

All praise belongs to *Allāh*, who bestowed health and safety upon my body, returned my soul and enabled me to remember Him.

Ḥaḍrat 'Ubādah bin Aṣ-Ṣāmit[ra] relates that if a person startles in his sleep and wakes up. If he recites these words and supplicates for a need, God accepts that prayer. If he performs ablution and stands up for *ṣalāt*, God grants his prayer special acceptance.

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْکُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ۔[210]

There is none worthy of worship except *Allāh*. He is One and has no partner. To Him belongs all sovereignty and praise. He has authority over everything. All praise belongs to Him. Holy is He. There is none worthy of worship except Him. He is the Greatest. All power and might belongs to Him. O *Allāh*, forgive me.

Prayer

June 2026

Treasure House of Prayers

نیند سے بیدار ہونے کی دُعائیں

☆ حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریمؐ نیند سے بیدار ہوکر یہ دُعا پڑھتے تھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ۔

(بخاری کتاب الدعوات باب مایقول اذا نام)

ترجمہ: تمام تعریفیں اُس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندگی بخشی اور اُسی کی طرف اُٹھ کر جانا ہوگا۔

☆ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم نیند سے بیدار ہوتو یہ دُعا کیا کرو:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ وَرَدَّ عَلَیَّ رُوحِیْ،وَ اَذِنَ لِیْ بِذِکْرِہٖ۔

(ترمذی کتاب الدعوات باب الدعاء اذا اوی الیٰ فراشہٖ)

ترجمہ:۔تمام تعریفیں اُس اللہ کے لئے ہیں جس نے میرے جسم کو صحت و عافیت بخشی اور میری روح مجھے واپس لوٹا دی اور مجھے اپنا ذکر کرنے کی توفیق دی۔

☆ حضرت عبادہؓ بن الصامت بیان کرتے ہیں کہ جو شخص رات کو اچانک ہڑبڑا کر اٹھے تو یہ کلمات پڑھ کر کوئی دُعا کرے تو خدا تعالیٰ اُسے قبول فرماتا ہے۔اس کے بعد اگر وہ وضو کر کے نماز پڑھنے کھڑا ہو تو اُسے بھی خاص قبولیت حاصل ہوگی۔

لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ،لَہُ الْمُلْکُ وَ لَہُ الْحَمْدُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ،سُبْحَانَ اللّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ،اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ۔(بخاری کتاب التہجد باب فضل من تعری من اللیل)

ترجمہ:۔اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اُس کا کوئی شریک نہیں سب بادشاہت اور تعریف اُسی کی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔اور سب تعریف اُسی کی ہے وہ پاک ہے۔اُس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔سب قوت و طاقت اُسی کو حاصل ہے۔اے اللہ! مجھے بخش دے۔

Hadith

June 2026

Excerpt from the Friday Sermon - November 2nd 2018

Hence, if one claims to believe in the oneness of God, if one claims to worship Him and if one desires to become a true believer then we must forsake lying and falsehood and those who lie. There are some who lie even in trivial matters. This is not the hallmark of a believer. One should not come under the impression that small inaccurate statement are not lies. They most certainly are lies and take one far away from Tawhid [Unity of God]. There are countless issues and disputes between people in which one lies in order to sway the decision in his or her favour. In what minute detail has the Holy Prophet(sas) warned us about lying? If one ponders over this carefully, their hairs will stand on end. The Holy Prophet(sas) said that if one says to a young child "Come, I shall give you something" and then gives them nothing, then this too falls under the category of lying.
(Sunan Abi Daud, Kitab-ul-Adab, Baab Fi Al-Tashdid Fi Al-Kizb, Hadith no, 4991)

A lie, even if said as a joke, is still a lie. The Holy Prophet(sas) then said that lying leads one to indecency and sinfulness, and these lead one to hell. Indecency and sinfulness mean to deviate far away from truthfulness and to be extremely sinful. Hence, we must always analyse ourselves as to whether we have a high level of truthfulness, or that high standard of truthfulness which the Holy Prophet(sas) has described, and which he has said leads one to heaven.
(Sunan Abi Daud, Kitab-ul-Adab, Baab Fi Al-Tashdid Fi Al-Kizb, Hadith no, 4989).

Hadith

June 2026

Excerpt from the Friday Sermon - November 2nd 2018

پس اگر توحید کا دعویٰ ہے، اگر خدا تعالیٰ کی عبادت کا دعویٰ ہے، اگر حقیقی مسلمان بننے کا دعویٰ ہے تو پھر جھوٹ کو اپنے اندر سے ہمیں نکالنا ہوگا اور جھوٹے کو بھی نکالنا ہوگا۔ بعض لوگ معمولی باتوں پر غلط بیانی سے کام لے لیتے ہیں۔ یہ ایک مومن کی شان نہیں ہے۔ یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ بعض چھوٹی چھوٹی غلط بیانیاں جھوٹ نہیں ہیں یہ جھوٹ ہیں اور توحید سے دور لے جانے والی ہیں۔ بہت سے آپس کے مسائل ہیں، جھگڑے ہیں، ایسی باتیں ہیں جن میں انسان جھوٹ سے کام لے کر اپنے حق میں بعض فیصلے کروالیتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کس باریکی سے جھوٹ سے ہوشیار فرمایا ہے اگر انسان اس پر غور کرے تو رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے کسی چھوٹے بچے کو کہا کہ آؤ میں تمہیں کچھ دیتا ہوں اور پھر وہ اسے دیتا کچھ نہیں تو یہ جھوٹ میں شمار ہوگا۔ (سنن ابی داؤد کتاب الادب باب فی التشدید فی الکذب حدیث 4991)

گویا کہ مذاق میں بھی جو جھوٹ ہے وہ بھی جھوٹ ہے۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ جھوٹ گناہ اور فسق و فجور کی طرف لے جاتا ہے اور فسق و فجور جہنم کی طرف۔ فسق و فجور کا مطلب یہ ہے کہ سچائی سے بہت دور ہٹنے والا اور انتہائی گناہگار، گناہ کرنے والا۔ پس ہمیں ہر وقت اپنے جائزے لینے چاہئیں کہ ہم سچائی کے کس اعلیٰ معیار ہیں یا سچائی کے اس اعلیٰ معیار پر قائم ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا جس کے بارے میں آپؐ نے یہ فرمایا کہ یہ جنت کی طرف لے جاتی ہے۔

(سنن ابی داؤد کتاب الادب باب فی التشدید فی الکذب حدیث 4989)

History of Islam

Hijri Calendar

محرم

اسلامی سال کا پہلا مہینہ محرم ہے۔ محرم الحرام میں جنگ و جدل کو حرام قرار دیا گیا ہے۔اس لیے اس کو محرم کہتے ہیں۔ محرم اسلامی تقویم کا پہلا مہینہ ہے کیونکہ اللہ نے ہی ان مہینوں کے نام اور دنوں کا تعین کیا اور یہی ابتدائے تخلیق سے شروع ہوئے۔ماہ محرم قرآن کریم میں بیان حرمت و تعظیم والے چار مہینوں میں سے ایک ہے۔اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے اس کی حرمت کو قائم فرمایا ہے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے اور اس میں چار حرمت والے مہینے ہیں۔ تین تو مسلسل ہیں یعنی ذوالقعدہ، ذوالحجہ اور محرم جبکہ چوتھا رجب ہے جو جمادی الثانی اور شعبان کے درمیان آتا ہے۔(صحیح بخاری، کتاب التفسیر باب قولہ ان عدۃ الشھور)

کیا عاشورہ کا روزہ رکھنا ضروری ہے؟

عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کا بیان

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ عاشورہ کے دن جاہلیت میں روزہ رکھا جاتا تھا۔ پھر جب اسلام آگیا تو جو چاہتا یہ روزہ رکھتا اور جو چاہتا اِسے چھوڑ دیتا۔(صحیح مسلم کتاب الصیام حدیث: ۱۸۸۴)

ایک اور روایت کے شروع میں یہ ذکر نہیں کہ رسول اللہ ﷺ یہ روزہ رکھا کرتے تھے اور اس روایت کے آخر میں ہے کہ آپؐ نے عاشورہ (کا روزہ) رکھنا چھوڑ دیا۔ جبکہ اس روایت میں فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ کے الفاظ کو جریر کی روایت کی طرح نبی ﷺ کا قول قرار نہیں دیا۔(صحیح مسلم کتاب الصیام حدیث: ۱۸۸۳)

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں: ”یہ محرم کا مہینہ بڑا مبارک مہینہ ہے۔ ترمذی میں اس کی فضیلت کی نسبت آنحضرت ﷺ سے یہ حدیث لکھی ہے کہ فیہ یَوْمٌ تَابَ اللّٰہ فیہ عَلٰی قومٍ ویتوبُ فیہ عَلٰی قومٍ اٰخرین یعنی محرم میں ایک ایسا دن ہے جس میں خدا نے گذشتہ زمانے میں ایک قوم کو بلا سے نجات دی تھی اور مقدر ہے کہ

History of Islam

Hijri Calendar

ایسا ہی اس مہینہ میں ایک بلا سے ایک اور قوم کو نجات ملے گی۔ کیا تعجب کہ اس بلا سے طاعون مراد ہو اور خدا کے مامور کی اطاعت کر کے وہ بلا ملک سے جاتی رہے۔ (دافع البلاء، روحانی خزائن جلد ۱۸، صفحہ ۲۲۳، حاشیہ) عام الفیل کا مشہور واقعہ اسی مہینے میں ہوا۔ جس میں خدائے تعالیٰ نے ابابیلوں کے لشکر سے خانہ کعبہ پر حملہ کرنے والوں کو تباہ کر دیا تھا۔ اس واقعہ کا ذکر سورۃ الفیل میں آیا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں: ''در حقیقت یہ اسی سال کا واقعہ ہے جس سال رسول کریم ﷺ پیدا ہوئے تھے (مجمع البیان زیر آیت ھذا)... یہ واقعہ محرم میں ہوا تھا جو اسلامی سال کا پہلا مہینہ ہے اور رسول کریم ﷺ کی پیدائش اسی سال ربیع الاوّل میں ہوئی تھی (شرح مواھب اللدنیۃ الزرقانی، عام الفیل وقصۃ ابرھۃ) آگے کچھ پیدائش کی تاریخوں کے متعلق اختلاف ہے اور کچھ محرم کی تاریخوں کے متعلق اختلاف ہے۔'' (تفسیر کبیر جلد ۱۴، صفحہ ۳۰۱-۳۰۲)

حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا المناک واقعہ: حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے نبی کریم ﷺ کے نواسے تھے اور آپ ﷺ کو یہ بچے بہت عزیز تھے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنے نواسوں کے نام خود رکھے۔ حسن اور حسین اہل جنت کے ناموں میں سے ہیں زمانہ جاہلیت میں یہ نام موجود نہ تھے۔

حسینؓ بن علیؓ بن ابی طالب کی والدہ بنت رسول اللہ ﷺ ہیں۔ آپؓ کی کنیت ابو عبد اللہ ہے، ۵/ شعبان ۴ ہجری میں پیدا ہوئے۔ حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مَنْ اَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ فَقَدْ اَحَبَّنِی وَمَنْ اَبْغَضَھُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِی۔ جس نے حسنؓ اور حسینؓ سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی، اور جس نے ان دونوں سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی۔

(سنن ابن ماجہ، کتاب المقدمۃ، باب فضل الحسن و الحسین، حدیث نمبر ۱۴۳)

۱۰/ محرم ۶۱ ہجری میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا المناک سانحہ پیش آیا۔ عراق کے شہر کوفہ میں جسے حضرت علیؓ نے دارالخلافہ بنایا تھا امیر معاویہ کی وفات کے بعد یزید نے لوگوں سے زبردستی بیعت لینی شروع کی اور حضرت امام حسینؓ سے بھی کہا کہ یزید کی بیعت کریں۔ آپؓ نے حق کا علم بلند کیا، صبر و استقامت اور ایمان

History of Islam

Hijri Calendar

کی مضبوطی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کی تمام صعوبتیں برداشت کیں مگر حق کے دشمنوں کا ساتھ نہ دیا اور فاسق فاجر کے ہاتھ پر بیعت نہ کی۔ جس پر کوفیوں نے حضرت امام حسینؓ اور آپؓ کے ساتھیوں پر بے انتہا مظالم ڈھائے اور آپؓ کو ۱۰/ محرم ۶۱ ہجری بمطابق ۱۰/ اکتوبر ۶۸۰ء جمعہ کے روز میدانِ کربلا میں نہایت بے دردی سے شہید کر دیا۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو ریحانۃ النبی یعنی باغِ نبوت کا پھول اور آنحضرت ﷺ کا ہم شبیہ ہونے کا فخر حاصل ہے۔

محرم میں کثرت سے درود شریف پڑھنا چاہیے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے محرم کے ایّام میں دُرود پڑھنے کی تاکید کرتے ہوئے فرمایا: "محرم کے دن شروع ہو چکے ہیں اور اس عرصے میں آنحضرت ﷺ اور آپؐ کی آل پر کثرت سے درود پڑھنا چاہیے۔ مسلسل درود پڑھنا تو انسان کی فطرت ثانیہ ہو جانا چاہیے مگر محرم کے دردناک ایّام کے تصور سے دُرود میں زیادہ دَرد پیدا ہو جاتا ہے۔ پس اس بات کو نہ بھولیں۔ سفر میں، حضر میں، جب توفیق ملے، جب ذہن اس طرف فارغ ہو جائے یعنی دَرود پڑھنے کے لیے مرکوز ہو سکے اس وقت دل کی گہرائی سے اور محرم کے تصور سے دل کے درد کے ساتھ آنحضرت ﷺ اور آپؐ کی آل پر درود بھیجا کریں۔" (الفضل انٹرنیشنل ۱۰/ دسمبر ۲۰۱۰)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز محرم میں درود شریف پڑھنے کی تاکید کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "ہمیں عموماً دُرود کی طرف متوجہ رہنا چاہیے اور اس مہینے میں خاص طور پر اس طرف توجہ رکھنی چاہیے۔ جیسا کہ ایک مرتبہ پہلے حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے بھی اس کی خاص تحریک فرمائی تھی تو مَیں بھی اس کا اِعادہ کرتے ہوئے یاددہانی کرواتا ہوں کہ اس مہینے میں دُرود بہت پڑھیں۔ یہ جذبات کا سب سے بہترین اظہار ہے جو کربلا کے واقعہ پر ہو سکتا ہے، جو ظلموں کو ختم کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد چاہنے کے لیے ہو سکتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بھیجا گیا یہ دُرود آپؐ کی جسمانی اور روحانی اولاد کی تسکین کا باعث بھی بنتا ہے۔ ترقیات کے نظارے بھی ہمیں نظر آتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیاروں سے پیار کا بھی یہ ایک بہترین اظہار ہے۔ اور اس زمانے میں آپؐ کے عاشقِ صادق مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقاصد کی تکمیل میں بھی یہ درود بے انتہا برکتوں

History of Islam

Hijri Calendar

کے سامان لے کر آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان دنوں میں خاص طور پر درود پڑھنے کی، زیادہ سے زیادہ درود پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔"

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۰؍ دسمبر ۲۰۱۰ء، مطبوعہ ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل ۳۱؍ دسمبر ۲۰۱۰ء، صفحہ ۷)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ سے "جرمن ملاقات" کے دوران ایک مہمان بہن نے سوال کیا: محرم کا مطلب ہے کہ کوئی چیز اس مہینے میں منع ہے اور کیا آپ کو پتا ہے کہ اس مہینے کو یہ نام کیوں دیا گیا؟ حضورؒ نے جواب میں فرمایا: "محرم کے اندر کئی چیزیں حرام ہیں یعنی منع ہیں۔ مثلاً بیاہ شادی، خوشی کی تقریب، تو محرم ایک ایسا مہینہ ہے جس میں یہ چیزیں خود بخود منع ہو جاتی ہیں۔ اب یہاں بھی یہ رواج ہے ہمارے کہ جب شادی کرنی ہو تو محرم سے پہلے کرتے ہیں یا اس کے ختم ہونے کے بعد کرتے ہیں۔

(جرمن ملاقات، ۵/مارچ ۲۰۰۳ء)

Due to time constraints, we are unable to cover all the material during the classes. Please refer to the links below for additional information:

https://files.alislam.cloud/alfazl/london/20101231.pdf
https://www.alfazl.com/2021/08/18/33788/
https://www.alfazl.com/2021/08/26/34033

History of Islam

Hijri Calendar

The 1st Lunar Month - Muharram

Allah Almighty states in the Holy Quran:
"*And remind them of the days of Allah.*" (Surah Ibrahim: 6)
According to Quranic commentators Hazrat Ibn Abbas (ra) and Hazrat Ubayy bin Ka'b (ra), the "Days of Allah" refers to those days when Allah's blessings were bestowed. (Tafsir Al-Durr Al-Manthur by Suyuti, Volume 5, Page 6)

To identify such blessed days, it is essential to understand the Islamic calendar and its months. The first month of the Islamic year is Muharram. This blessed month has been considered sacred and revered even in other religions. In Islam, its significance and respect have only increased. Hazrat Ibn Abbas (ra) used to say that the Quranic verse "By the dawn, and by the ten nights" (Surah Al-Fajr: 2-3) refers to the dawn of the year, which is the month of Muharram. Hazrat Ubaid bin Umair (ra) stated that Muharram is Allah's month, the beginning of the Islamic year. During this month, the Kaaba is draped, and it marks the start of historical record-keeping. It is also the month when a nation was guided to repentance, which Allah accepted. (History of Tabari, Volume 2, Page 390)

Naming and Other Titles of Muharram
The name "Muharram Al-Haram" derives from the prohibition of killing, fighting, and warfare in this month. Scholars like Allama Asfahani and Allama Masudi have affirmed this explanation. Allama Sakhawi writes, *"It is called Muharram because it is a month of sanctity (respect and holiness). In my view, the name emphasizes its sanctity because, in the era of ignorance (pre-Islamic Arabia), the Arabs would sometimes make it lawful for warfare and sometimes prohibited it."* (Tafsir Ibn Kathir, Volume 3, Page 358)

History of Islam

Hijri Calendar

The Significance and Virtue of Muharram
Muharram is one of the four sacred months mentioned in the Quran. Allah and His Messenger (sas) have upheld its sanctity. The Prophet Muhammad (sas) said, "The year consists of twelve months, of which four are sacred. Three are consecutive: Dhu al-Qa'dah, Dhu al-Hijjah, and Muharram. The fourth is Rajab, which comes between Jumada and Sha'ban." (Bukhari, Book of Tafsir)

Regarding the excellence of Muharram, Hazrat Abu Hurairah (ra) narrates that the Prophet Muhammad (sas) said, "After Ramadan, the best fasts are those observed in Allah's month, Muharram." This Hadith indicates its superiority and honour.

The Day of Ashura (10th Muharram)
The 10th of Muharram is known as Ashura, a day of historical significance. Another name for this day is "Yawm Al-Zina" (Day of Adornment). (Sunan Al-Kubra by Al-Nasa'i, Volume 10, Page 172)

On this day, Allah saved the Children of Israel from their enemy, and Prophet Musa (as) observed a fast in gratitude. The Jews considered this day a festival (Bukhari, Book of Fasting). During the pre-Islamic era, the Quraish also fasted on this day, and the Kaaba was draped with its covering. Hazrat Ibn Abbas (ra) relates, 'When the Prophet (sas) arrived at Madinah, the Jews were observing the fast on Ashura (10th of Muharram) and they said, "*This is the day when Moses (as) became victorious over Pharaoh,*" Upon that, the Prophet (sas) said to his companions, "You (Muslims) have more right to celebrate Moses' victory than they have, so observe the fast on this day.

History of Islam

Hijri Calendar

Virtue of Fasting on Ashura
The Prophet (sas) encouraged fasting on Ashura and said, "I hope that fasting on Ashura will expiate the sins of the past year." (Tirmidhi, Book of Fasting)

The Tragic Martyrdom of Hazrat Imam Hussain (ra)
On 10th Muharram, 61 AH, the tragic incident of the martyrdom of Hazrat Imam Hussain (ra) took place.

In the city of Kufa, Iraq — which Hazrat Ali (ra) had established as the capital — after the death of Amir Muawiyah, Yazid began forcibly taking allegiance (ba'ait) from the people. He also demanded allegiance from Hazrat Imam Hussain (ra).

However, Hazrat Imam Hussain (ra) raised the banner of truth, and with patience, steadfastness, and unwavering faith, he stood firm, demonstrating great strength of faith, Hazrat Imam Hussain (ra) endured all the hardships inflicted by the enemy, but he never sided with the enemies of truth and refused to pledge allegiance to a corrupt and immoral ruler.

As a result, the people of Kufa unleashed horrific oppression upon Imam Hussain (ra) and his companions. On 10th Muharram, 61 AH — corresponding to 10th October, 680 CE, on a Friday — he was brutally and mercilessly martyred in the plains of Karbala.

Hazrat Imam Hussain (ra) was known as "Rayhanat-un-Nabi" (The flower of the garden of Prophethood) and had the honor of being the one who most resembled the Holy Prophet Muhammad (sas).

History of Islam

Hijri Calendar

Key Historical Events in Muharram

- 4 AH: Expedition of Abu Salamah (ra) and Abdullah bin Unais (ra).
- 7 AH: Battle of Dhu Qarad and Battle of Khaybar.
- 9 AH: Expedition of Uyaina bin Hisn.
- 14 AH: Battle of Qadisiyyah.
- 16 AH: Death of Hazrat Maria (ra).
- 24 AH: Hazrat Uthman (ra) became Caliph.
- 61 AH: Tragedy of Karbala and the martyrdom of Hazrat Imam Hussain (ra).

Invoking Salutations upon the Holy Prophet (sas)

Members of the Ahmadiyya Muslim Community are truly fortunate and blessed that, having accepted the Imam of the Age, the Promised Messiah (as), they have guidance in all matters, including the best way to commemorate the month of Muharram: by filling it with durood, that is, a special prayer that invokes blessings upon the Holy Prophet (sas) and his followers. In an earlier quote of the Promised Messiah (as), the merits of invoking salutations upon the Holy Prophet (sas) were mentioned. Thus, it is through sending down blessings and invoking salutations upon the Holy Prophet (sas) and the Ahl-e-Bait that one can truly garner the love of God Almighty

Due to time constraints, we are unable to cover all the material during the classes. Please refer to the links below for additional information:

https://www.alhakam.org/the-happenings-at-karbala/
https://www.alhakam.org/karbala-the-murder-of-muslim-unity

History of Islam

Hijri Calendar

صفر

صفر قمری سال کا دوسرا مہینہ ہے۔اس کو صفر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ عرب اس ماہ میں دیگر قبائل پر حملے کے لیے اپنے اہل خانہ سے الگ ہو جاتے۔اس سلسلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ عرب اس میں مختلف قبائل پر حملہ کرتے تھے اور انہیں بے سروسامان کر جاتے تھے اس لیے ماہ صفر کو زمانہ جاہلیت میں بد شگونی کے طور پر جانا جاتا تھا۔ ماہ صفر کی کوئی خاص فضیلت روایات سے ثابت نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے زمانہ جاہلیت کی رسوم اور توہمات و بد شگونیوں کا خاتمہ فرمایا۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یعنی ہر بیماری اپنی ذات میں متعدی نہیں ہوتی (جب تک مسبب الاسباب خدا کا اذن نہ ہو) اور بد شگونی، ھامۃ (اُلّو کی نحوست) اور صفر کی کچھ حقیقت نہیں ہے۔ مگر اس کے باوجود جذام کے بیمار سے تم ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو۔

(صحیح البخاری کتاب الطب باب الجذام)

صفر کے مہینے میں درج ذیل اہم واقعات رونما ہوئے۔

۱۔ ۱۲/صفر سنہ ۲ ہجری میں رسول کریم ﷺ پر سورۃ الحج کی آیات ۴۰ اور ۴۱ نازل ہوئیں۔ان آیات میں معصوم مسلمانوں کو جو تیرہ سال سے کفار مکہ کے ظلم و ستم سہہ رہے تھے، جہاد بالسیف کی اجازت دی۔

۲۔ **غزوہ ودان** صفر ۲/ ہجری میں ہوا۔ یہاں بنو زمرہ کے لوگ آباد تھے۔اس غزوہ کا دوسرا نام "**ابوا**" بھی ہے یہ رسول کریم ﷺ کا پہلا غزوہ تھا جو ہجرت کے ۱۲ ماہ کے بعد ہوا۔**ابوا** وہ مقام ہے جہاں ہمارے آقا ﷺ کی والدہ ماجدہ کی قبر ہے۔

۳۔ **غزوۂ ذی امر**، ۳/ ہجری کو ہوا۔

History of Islam

Hijri Calendar

۴۔ واقعہ رجیع اور واقعہ بئر معونہ: صفر ۴/ہجری کو بئر معونہ کا دردناک واقعہ رُونما ہوا۔ جس میں ۶۹ مسلمانوں کی نہتی جماعت کو انتہائی سفاکی سے شہید کیا گیا۔ صرف ایک صحابی کعب بن زیدؓ جن کو یہ مُردہ سمجھ کر چھوڑ گئے تھے زندہ بچے۔ یہ ایک کنوئیں کی وجہ سے بئر معونہ کے نام سے مشہور تھا۔

۵۔ ۱۲ ہجری میں جنگ مذار، جنگ الیس اور جنگ ولجہ

۶۔ ۱۶ ہجری میں فتح مدائن اور ۳۷ ہجری میں جنگ صفین، ماہ صفر میں ہی وقوع پذیر ہوئی۔

۷۔ ماہ صفر ۹۹ ہجری میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ خلیفہ منتخب ہوئے۔

(اسلامی مہینوں کا تعارف اور ان میں رونما ہونے والے اہم واقعات۔ مسلم ٹیلی ویژن احمدیہ)

https://youtu.be/KjVxzMYR1og?si=EQWOwv6rsi_ifFOF

https://www.alfazlonline.org/29/08/2022/67249/

The 2nd Lunar Month: Safar

The word "Ṣafar" is derived from "Ṣifr" (Ṣ with a kasra, a vowel sign under the letter), which means "emptiness." In contrast, "Ṣafar" (Ṣ with a fatha, a vowel sign above the letter) signifies "hunger," "intestinal worms," or "an illness causing a pale complexion." Ṣafar is the month that follows Muharram and is known for the people of Makkah traveling during this time, leaving their homes empty.

Superstitions about Ṣafar and Their Rejection

In the pre-Islamic era of ignorance, Ṣafar was considered an ill-omened month because it was during this time that wars often took place, leaving homes empty and destroyed. Consequently, it was regarded as an unlucky and ominous month. However, the devastation from war and conflict was the result of their own actions, particularly due to the practice of Nasīʾ (manipulation of sacred months), which led to warfare in this month.

In later times, during periods of decline and ignorance, various superstitions and false beliefs about Ṣafar arose. For instance, people refrained from marriages, sending off brides, starting new businesses, or traveling during this month.

History of Islam

Hijri Calendar

This belief persists among some to this day, as they consider such actions during Ṣafar devoid of blessings.

The Prophet Muhammad (sas) abolished the superstitions and customs of ignorance, including those about Ṣafar. Hazrat Abu Hurairah (ra) narrated that the Prophet (sas) said:
"There is no contagion, no evil omen, no Haamah (a superstition about owls), and no Ṣafar. But flee from a leper as you would flee from a lion."
(Sahih Bukhari, Book of Medicine, Chapter on Leprosy)

Similarly, in Sahih Muslim, Hazrat Jabir (ra) reported that the Prophet (sas) said:
"There is no contagion, no ghoul (spirits or ghosts), and no Ṣafar."
(Sahih Muslim, Book of Peace, Chapter on No Contagion or Superstitions)

The Virtue of Ṣafar
No specific virtue of the month of Ṣafar is proven from authentic narrations. The Prophet Muhammad (sas) and his companions (ra) observed regular acts of worship in this month without assigning any particular worship or considering it a time of hardship or trials.
In this regard, Allama Ahmad bin Abdullah Al-Salmi wrote:
"No authentic hadith from the Prophet (sas) establishes any specific virtue of Ṣafar."

Similarly, Allama Siddiq Hasan Khan stated:
"I am not aware of any authentic hadith proving the virtue of Ṣafar, nor is there any established hadith denouncing it."
(*Bidaʿ wa Akhtaʾ Tataʿallaq bil-Ayyam wal-Shuhur*, Page 251, Dar Al-Qasim)

Significant Historical Events in Ṣafar
Key events that occurred during the Prophet's (sas) era and the era of the Rightly Guided Caliphs in Ṣafar include:

- **2 AH:** The Battle of Abwa and the Battle of Waddan.
- **4 AH:** The incidents of Rajīʿ and Biʾr Maʿūnah.
- **12 AH:** The Battle of Madhar, the Battle of Ullais, and the Battle of Walajah.
- **16 AH:** The conquest of Ctesiphon (Mada'in).
- **37 AH:** The Battle of Siffin.

99 AH: Hazrat Umar bin Abdul Aziz (ra) was elected as Caliph.

Malfuzat Volume I

June 2026

"Hence, I loudly proclaim once again, and my friends ought to take heed that they must not disregard my words of advice and view them as the tales of a story-teller. Everything that I have said to you, I have said with a burning heart and true sympathy, which are inherently a part of my soul. Heed my words with the ear of your heart and act upon them."

-Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian,
The Promised Messiah & Mahdi (as)

Members are kindly requested to read the pages mentioned in the syllabus at home. During the class, it is recommended that you share a brief summary of what you have learned from the reading and discuss practical ways to implement these teachings in your daily life.

Pg	Topic (English)	Topic (Urdu)
English: 20 Urdu: 19	A Virtuous Servant	عبد صالح
English: 21 Urdu: 20	Good Deeds Are Best if Concealed	اعمال میں اخفا اچھا ہے

Links:

- English - https://files.alislam.cloud/pdf/Malfuzat-1.pdf
- Urdu - https://www.alislam.org/urdu/book/ملفوظات-جلد-1/

Conditions of Initiation (Bai'at)

by Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian The Promised Messiah and Mahdi (peace be upon him)

June 2026

8. That he/she shall hold faith, the honor of faith, and the cause of Islam dearer to him/her than his/her life, wealth, honor, children and all other dear ones.

As time permits, please choose 3–4 questions from each scenario for discussion.

Scenario 1:

Aiza, a young woman in her early twenties, is being encouraged by her extended family to accept a marriage proposal from a well-off family friend. While the proposal seems ideal on paper, Aiza feels unsettled — the prospective groom is non-practicing, does not prioritize Jamaat involvement, and openly questions the value of Khilafat. Her family brushes off her concerns, saying, "These things don't matter as much once you're married." Aiza finds herself torn between maintaining peace at home and standing up for her faith and values.

عائزہ، جو کہ بیس کے قریب عمر کی ایک نوجوان لڑکی ہے، کو اس کے رشتہ دار ایک رشتہ قبول کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں۔ رشتہ ایک خوشحال خاندان کے جاننے والے کی طرف سے آیا ہے اور بظاہر ہر لحاظ سے اچھا لگتا ہے۔ لیکن عائزہ کے دل میں بے چینی ہے — کیونکہ لڑکا نہ دین پر عمل کرتا ہے، نہ جماعت کے کاموں میں دلچسپی لیتا ہے، اور خلافت کی اہمیت پر بھی سوال اٹھاتا ہے۔

جب عائزہ اپنے گھر والوں سے یہ بات کرتی ہے تو وہ کہتے ہیں، "یہ سب باتیں شادی کے بعد اتنی اہم نہیں رہتیں۔" عائزہ دل ہی دل میں کشمکش کا شکار ہے — ایک طرف وہ گھر کا سکون چاہتی ہے، اور دوسری طرف اپنے دین اور اصولوں پر قائم رہنا بھی اس کے لیے ضروری ہے۔

Discussion Questions:

1. How can Aiza respectfully express her spiritual concerns to her family without damaging relationships?
2. What does it truly mean to hold the honor of faith dearer than personal comfort or social approval?
3. How can young women stay firm in prioritizing the spiritually successful partner over the worldly successful partner.

عائزہ اپنے گھر والوں کو اپنے دینی احساسات اور خدشات پیار اور ادب سے کیسے سمجھا سکتی ہے تاکہ کسی کو بُرا بھی نہ لگے؟

جب ہم کہتے ہیں کہ دین کو دنیا سے زیادہ اہم سمجھنا چاہیے، تو اس کا اصل مطلب کیا ہوتا ہے؟

نوجوان لڑکیاں ایسے وقت میں کیسے اپنے ایمان پر قائم رہ سکتی ہیں جب اُن پر دنیاوی اعتبار سے کامیاب رشتے کے لیے دباؤ ہو؟

Conditions of Initiation (Bai'at)

by Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian
The Promised Messiah and Mahdi (peace be upon him)

June 2026

8. That he/she shall hold faith, the honor of faith, and the cause of Islam dearer to him/her than his/her life, wealth, honor, children and all other dear ones.

As time permits, please choose 3–4 questions from each scenario for discussion.

Scenario 2:

Bushra is a dedicated Lajna officeholder and volunteers regularly for Jamaat events and initiatives. While she strives to balance her responsibilities at home — preparing meals, helping with homework, and attending to her family — a relative recently criticized her, saying, "You're too focused on Jamaat work and not enough on your kids." Though Bushra knows her intentions are sincere and her children are well cared for, the comment shakes her confidence. She begins to wonder if continuing her service means she's failing her family.

بشریٰ لجنہ کی ایک محنتی عہدے دار ہیں اور جماعت کے پروگراموں اور کاموں میں باقاعدگی سے خدمت کرتی ہیں۔ وہ گھر کے کام (بچوں کے ہوم ورک میں مدد، کھانا بنانا اور گھر والوں کی دیکھ بھال) کے ساتھ جماعت کی ذمہ داریاں نبھانے کی بھی پوری کوشش کرتی ہیں۔

حال ہی میں ایک رشتہ دار نے اُن پر تنقید کرتے ہوئے کہا، "تم جماعت کے کاموں میں بہت لگی ہوئی ہو، جبکہ بچوں پر تمہاری توجہ کم ہے۔"

حالانکہ بشریٰ جانتی ہیں کہ ان کی نیت صاف ہے اور وہ بچوں کا بھی اچھی طرح خیال رکھتی ہیں، لیکن یہ بات سن کر ان کا حوصلہ کچھ کم ہو جاتا ہے۔ وہ سوچنے لگتی ہیں کہ کیا جماعت کی خدمت جاری رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے گھر والوں کو نظر انداز کر رہی ہیں؟

Conditions of Initiation (Bai'at)

by Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian The Promised Messiah and Mahdi (peace be upon him)

June 2026

8. That he/she shall hold faith, the honor of faith, and the cause of Islam dearer to him/her than his/her life, wealth, honor, children and all other dear ones.

Discussion Questions:

1. How can Lajna members like Bushra find balance between fulfilling responsibilities to their family and their duty to serve the cause of Islam?
2. What does it mean to hold the cause of Islam dearer than societal approval or familial criticism?
3. Everyone should reflect on the Lajna pledge and decide what we should do in this situation.
4. What internal signs can help a woman assess whether she's genuinely neglecting her home or simply facing unfair judgment?
5. How can we turn to prayer and consultation when struggling to juggle duty to faith and duty to family?

بشریٰ جیسی خواتین گھر کے کام اور اسلام کی خدمت کے بیچ کیسے توازن رکھ سکتی ہیں؟
اسلام کی خدمت کو دوسروں کی باتوں یا گھر والوں کی تنقید سے زیادہ اہم کیوں سمجھنا چاہیے؟
ہر ایک کو چاہیے کہ وہ لجنہ عہد پر غور کرے اور فیصلہ کرے کہ اس صورتِ حال میں ہمیں کیا کرنا چاہیے۔؟
کون سے اندرونی اشارے ہمیں بتاتے ہیں کہ ہم گھر کے کام ٹھیک کر رہے ہیں یا لوگ غلط باتیں کر رہے ہیں؟
جب ہم ایمان کے فرائض اور خاندان کی ذمہ داریوں کے درمیان توازن قائم کرنے میں مشکل محسوس کریں تو ہم کس طرح دعا اور مشورے کی طرف رجوع کر سکتے ہیں؟

Salat

Exerpts from "A Primer of Religious Knowledge"
By Hazrat Maulana Hakeem Noor-ud-Deen, Khalifatul Masih (I)

Farā'id of Ṣalāt
[Compulsory Parts of Prayers]

There are six that come before starting the *Ṣalāt,* which are called *Sharā'iṭ* [Prerequisites], and seven that are during the *Ṣalāt,* which are called *Arkān* [Components].

Sharā'iṭ of Ṣalāt
[Prerequisites of Prayers]

1. Cleanliness of the body.
2. Cleanliness of the clothes.
3. Cleanliness of the place where *Ṣalāt* is to be offered.
4. Covering the private parts.
5. Facing the *Qiblah.*
6. Making the intention to offer *Ṣalāt* but only in the heart, not by the tongue.

Salat

Exerpts from "A Primer of Religious Knowledge"
By Hazrat Maulana Hakeem Noor-ud-Deen, Khalifatul Masih (I)

Arkān of Ṣalāt
[Components of Prayers]

